مؤسس
ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

نگران
شجاع الدین شیخ حفظہ اللہ

بانی: ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ

تعارف
و
رکنیت نامہ

انجمن خدّام القرآن
سندھ، کراچی، رجسٹرڈ

مرکزی دفتر

B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانی روڈ، بلاک 6، گلشن اقبال، کراچی، پاکستان
+92-21-34993436-7 0333-4993437
www.QuranAcademy.edu.pk
contact@quranacademy.com

رکنیت نامہ

محترم صدر، انجمن خُدّام القرآن سندھ، کراچی ..... السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

میں خدمتِ قرآنی کے اِس مشن میں انجمن خُدام القرآن سندھ، کراچی میں شمولیت کا/کی خواہش مند ہوں۔ میرے ضروری کوائف درجِ ذیل ہیں:

مکمل نام: ______________ جنس: مرد ☐ عورت ☐

والد ☐ / شوہر کا نام ☐ : ______________

شناختی کارڈ نمبر: ☐☐☐☐☐ - ☐☐☐☐☐☐☐ - ☐

عمر/سالِ پیدائش: ______________ تعلیم: ______________

مصروفیت: ______________

(ا) ملازمت، ادارہ: ______________ (ب) کاروبار، نوعیت: ______________

رہائش کا پتہ	ایڈریس برائے ڈاک/رابطہ
مکان/فلیٹ نمبر:	مکان/فلیٹ نمبر:
بلاک/سیکٹر/فیز/اپارٹمنٹ:	بلاک/سیکٹر/فیز/اپارٹمنٹ:
علاقہ:	علاقہ:
شہر:	شہر:
ملک:	ملک:

فون (رہائش): ______________ واٹس ایپ نمبر: ______________

موبائل: ______________

ای میل: ______________

انجمن سے متعارف کروانے والے کا نام: ______________ موبائل: ______________

کیا گھر کا کوئی فرد انجمن کا رکن ہے؟ جی ہاں ☐ جی نہیں ☐

اگر جواب اثبات میں ہے تو نام اور رشتہ: ______________

کسی اور دینی ادارے یا جماعت بشمول تنظیم اسلامی کے ساتھ تعلق ہے؟ جی ہاں ☐ جی نہیں ☐

اگر جواب اثبات میں ہے تو کس ادارے یا جماعت سے؟ ______________

مجھے انجمن کے اغراض و مقاصد سے اتفاق ہے اور میں وعدہ کرتا/کرتی ہوں کہ انجمن کے قواعد وضوابط کی پابندی کروں گا/گی نیز خدمتِ دین کے اس مشن میں مقدور بھر خدمات پیش کروں گا/گی اور ہر ماہ اپنی حلال آمدنی سے انجمن ھذا میں مبلغ ______________ روپے بطور انفاق جمع کرواؤں گا/گی (ان شاء اللہ تعالیٰ!)۔

اس فارم کے ساتھ نقد/چیک نمبر/ڈرافٹ نمبر: ______________ منسلک ہے

☆ گزارش ہے کہ مجھے انجمن کے تحت ہونے والے پروگراموں کی اطلاع بذریعہ ای میل/ایس ایم ایس یا واٹس ایپ فراہم کی جائے۔

تاریخ: ______________ دستخط: ______________

نوٹ

(1) بروشر میں دی گئیں قرآنی خدمات کیلئے زکوۃ کی رقم استعمال نہیں کی جاتی۔ البتہ مستحقین کیلئے زکوۃ علیحدہ فنڈ میں جمع کی جاتی ہے۔

(2) انجمن کو دیا جانے والا انفاق انکم ٹیکس سے مستثنیٰ ہے۔

(3) **نامکمل فارم قابل قبول نہیں ہوگا جس کی وجہ سے رکنیت کے مراحل میں تاخیر ہوسکتی ہے۔ اس لیے فارم کو مکمل پُر کیا جائے۔**

دفتری استعمال کے لیے

رسید نمبر: ______________ رقم: ______________

تاریخ ______________ رکنیت نمبر: ______________ دستخط مدیر: ______________

دستخط سیکریٹری: ______________ دستخط مدیر رابطہ ورکنیت: ______________

تعارفِ انجمن خُدّامُ القرآن

ہر باشعور اور دردمند مسلمان یہ سوچنے پر مجبور ہے کہ مسلمانوں کے موجودہ زوال، انتشار، انحطاط، زبوں حالی اور پستی کی اصل وجہ اور اِن سے نکلنے کا طریقہ کار کیا ہے؟ امت کے بہی خواہوں نے اس پستی کے کئی اسباب بیان کیے جن میں ایک اہم اور بنیادی سبب یہ ہے کہ: ''مسلمانوں کا عروج وزوال قرآنِ مجید سے قربت یا دوری پر منحصر ہے اور مسلمانوں کو موجودہ افسوس ناک صورتِ حال سے نکلنے کے لیے قرآنِ حکیم سے اپنے تعلق کو زندہ اور مضبوط کرنا ہوگا۔''

حضرت ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ بفضلہٖ تعالیٰ ایک طویل عرصے تک تحریر وتقریر کے ذریعے اس زبوں حالی کے اصل سبب یعنی قرآن حکیم سے دوری کی تشخیص فرماتے رہے اور اصلاحِ احوال کے لیے قرآن مجید کے حقوق کی ادائیگی پر زور دیتے رہے۔ 1972ء میں حضرت ڈاکٹر صاحب رحمۃ اللہ علیہ نے اسی مقصد کے لیے ایک ادارہ ''مرکزی انجمن خُدّام القرآن لاہور'' کے نام سے قائم فرمایا۔ اس ادارے کی وسعت پذیر سرگرمیوں کے پیشِ نظر اندرونِ ملک کئی شاخوں کا قیام عمل میں آیا۔ ان میں سے اوّلین شاخ ''انجمن خُدّام القرآن سندھ، کراچی'' ہے جس کا قیام 1986ء میں عمل میں آیا۔ انجمنِ ھٰذا کے قیام سے اب تک اس کے کئی ذیلی ادارے اور شعبہ جات قائم ہو چکے ہیں جن کے تحت مختلف سرگرمیاں جاری ہے۔ ذیل میں ان اداروں اور بعد ازاں اہم شعبہ جات کا اجمالی تعارف درج ہے:

مرکزی دفتر

انجمن کا مرکزی دفتر گلشنِ اقبال میں واقع ہے۔ اس میں صدرِ انجمن سمیت شعبہ جات کے مدیران کے دفاتر اور شعبۂ سمع و بصر، شعبۂ مطبوعات اور شعبۂ مالیات قائم ہیں۔

ذیلی ادارے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس

داعی قرآن حضرت ڈاکٹر اسرار احمد رحمۃ اللہ علیہ نے اپنے دستِ مبارک سے 1991ء میں قرآن اکیڈمی ڈیفنس کی بنیاد رکھی۔ یہ ادارہ مجموعی طور پر چار ہزار سات سو مربع گز رقبے پر مشتمل ہے۔ ادارے کی عمارت میں دیگر شعبہ جات کے ساتھ ساتھ ایک وسیع وعریض مسجد بنام ''مسجد جامع القرآن'' بھی قائم ہے۔ اس اکیڈمی میں 1991ء سے رجوع الی القرآن کورس باقاعدگی سے منعقد ہو رہا ہے۔ مزید براں حلقات ودورات کے عنوان سے مختصر دورانیے کے کورسز کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ اس کے علاوہ بچوں اور بچیوں کی تربیت کیلئے مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ (ملحق وفاق) قائم ہے۔ اکیڈمی میں ایک وسیع کتب خانہ اور قرآن اسٹوڈیو بھی موجود ہے۔ رمضان المبارک میں دورۂ ترجمۂ قرآن اور اعتکاف کا انعقاد بھی ہوتا ہے۔

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد انجمن خُدّام القرآن سندھ، کراچی کے ذیلی ادارے کے طور پر 2005ء سے دین کے عظیم فریضے تعلیم وتعلّم کی ادائیگی میں مصروف ہے۔ ادارے کی عمارت پچاس ہزار فٹ رقبے پر مشتمل ہے۔ اس ادارے کے تحت رجوع الیٰ القرآن کورس اور حلقات ودورات کی سرگرمیاں باقاعدگی سے جاری ہیں۔

جس کے تحت قرآن فہمی کورس، عربی گرامر، تجوید القرآن اور ترجمۂ قرآن کی کلاسز منعقد ہوتی ہیں۔ نیز بچوں اور بچیوں کے لیے علم وعمل کورس بھی منعقد ہوتا ہے جس میں مطالعۂ قرآن حکیم، سیرت صحابہ وصحابیات رضی اللہ عنہم اور طہارت ونماز کی تدریس ہوتی ہے۔ مزید براں مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ (ملحق وفاق) کے نام سے قائم شعبے کے زیرِ اہتمام بچوں کی دینی واخلاقی تعلیم وتربیت کیلئے قاعدہ، ناظرہ قرآن حکیم، حفظ قرآن، نماز، مسنون دعائیں اور آدابِ زندگی کی تدریس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ اس کے ساتھ 40 احادیث یاد کرائی جاتی ہیں۔ اس کے علاوہ ادارے میں دارالاقامہ کی سہولت بھی دستیاب ہے جہاں اقامتی طلبہ کیلئے بہترین قیام وطعام کی سہولیات موجود ہیں۔ علاوہ ازیں مرکز تعلّم وتحقیق کی سرگرمیاں بھی جاری ہیں۔ علاوہ ازیں ادارہ ھذا میں ایک وسیع وعریض مسجد بنام ''مسجد جامع القرآن'' بھی قائم ہے۔ جس میں رمضان المبارک کے دوران دورۂ ترجمہ قرآن اور اعتکاف کا انعقاد بھی ہوتا ہے۔ نیز غسل میت کی سہولت بھی موجود ہے۔

قرآن اکیڈمی کورنگی

قرآن اکیڈمی کورنگی انجمن خُدام القرآن سندھ، کراچی کے ذیلی ادارے کے طور پر 1995ء سے تعلیمی وتدریسی خدمات انجام دے رہا ہے۔اس مرکز میں رجوع الی القرآن کورس کے ساتھ ساتھ شام کے اوقات میں عربی گرامر، تجوید اور دیگر متفرق موضوعات پر لیکچرز کا اہتمام کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ ناظرہ اور حفظِ قرآن حکیم کے لیے مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ (ملحق وفاق) بھی قائم ہے۔

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوہر کا قیام 2006ء میں عمل میں آیا۔مذکورہ ذیلی ادارے میں رجوع الی القرآن کورس کی تدریس جاری ہے۔اس کے علاوہ ان حضرات وخواتین کے لئے جو معاشی و تعلیمی سرگرمیوں کی وجہ سے عام دنوں میں وقت دینے سے قاصر ہیں ہفتہ وار کورسز کا انعقاد ہوتا ہے ۔جن میں آسان عربی گرامر کے علاوہ اللغۃ العربیہ، صرف ونحو، اور علوم حدیث و فقہ سرفہرست ہیں ۔ مدرسۃ القرآن میں قاعدہ و ناظرہ کی تدریس بھی ہوتی ہے۔ بچوں کو نماز، دعائیں اور دیگر آداب زندگی سکھانے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔ شام کے اوقات میں بھی مختصر دورانیے کے کورسز مثلاً بنیادی عربی گرامر، تجوید اور دورہ ترجمہ قرآن وغیرہ شامل ہیں۔طلبہ کی سہولت کے لئے کتب خانہ بھی موجود ہے۔ادارے میں مسجد جامع القرآن قائم ہے جس میں تذکیر بالقرآن وحدیث کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں حلقۂ بالغان برائے تجوید بھی منعقد ہوتا ہے۔

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد، شہر حیدرآباد کے قلب لطیف آباد، یونٹ نمبر 2، میں واقع ہے جوکہ 2016ء سے قائم ہے، جس میں مطالعے کے لیے ایک وسیع لائبریری بھی موجود ہے۔اس ادارے میں ”رجوع الی القرآن کورس“، بچوں کے لیے ہفتہ وار قرآن حکیم کورس، شام میں بالغان کے لیے ”ناظرہ قرآن“، اس کے علاوہ مختلف اوقات میں کورسز جیسے کہ: عصری تعلیم میں مشغول طلبہ کے لیے ”نوجوان مسلم قرآن فہمی کورس“، حضرات وخواتین کے لیے اتوار کو دن کے اوقات میں اور دیگر دنوں میں شام میں فہم دین، دینیات کورس، قرآن فہمی اور دیگر شارٹ کورسز کا انعقاد کیا جاتا ہے، مزید یہ کہ سلسلہ وار درس قرآن، درس حدیث، سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم، سیرت صحابہ رضی اللہ عنہم اور دیگر اصلاحی وفکری موضوعات پر محاضرات کا اہتمام بھی کیا جاتا ہے۔

دی ہوپ اسلامک سیکنڈری اسکول

انجمنِ ھذا کے زیرِ اہتمام شہر کراچی کے علاقے کورنگی میں دی ہوپ اسلامک سیکنڈری اسکول (The Hope Islamic Secondary School) 2008ء سے قائم ہے۔یہ اسکول قرآن اکیڈمی کورنگی کے احاطہ میں واقع ہے۔اسکول کا اہم ترین مقصد یہ ہے کہ طلبہ خصوصاً نوجوان اس طرح تیار ہوں کہ وہ اسلامی تہذیب اور اس کے تقاضوں کو اچھی طرح سمجھ سکیں تاکہ ابتدائی تعلیم سے فراغت کے بعد علم کے جس شعبے میں آگے بڑھنا چاہیں، اس کے ذریعے اسلام کی سربلندی اور اس کے عادلانہ نظام کے قیام کی کوشش کو مدّنظر رکھ کر اسلام کی خدمت کے قابل ہوجائیں۔اس لیے ادارے کی انتہائی کوشش ہے کہ ایسا ماحول، نصاب اور اساتذہ مہیا کئے جائیں جن کی مدد سے طلبہ مضبوط عقیدے کے حامل ہوں اور ان میں عملِ پیہم کا عزم پیدا ہو اور خدمتِ دین کے متنوع میدانوں میں ان کے سرگرم رہنے کی راہیں ہموار ہوں۔ 2008 سے 2023 تک رزلٹ 100 فیصد ہے۔

قرآن مرکز لانڈھی

قرآن مرکز لانڈھی 2007ء میں قائم ہوا۔اس مرکز میں شام کے اوقات میں عربی گرامر، تجوید اور سیرت النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے موضوعات پر دروس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔اس کے علاوہ مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ بھی قائم ہے۔مزید براں مطالعے کے لیے ایک وسیع کتب خانہ بھی موجود ہے۔

انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کے موجودہ اور مستقبل کے منصوبہ جات

1۔گلشن معمار میں ایک صاحب خیر کی جانب سے عطیہ کردہ 1166 مربع گز کی زمین پر الحمدللہ مسجد کی تعمیر کا کام نومبر 2023 میں شروع ہوا۔ان شاءاللہ جنوری 2025 تک یہ کام مکمل ہوجائے گا۔تعمیراتی کام کا تخمینہ تقریباً 15 کروڑ روپے ہے۔

2۔گلستانِ جوہر میں ایک جدید قرآن اکیڈمی اور اس سے متصل مسجد کی تعمیر کے لیے تقریباً 2 ہزار گز کے پلاٹ کے حصول کی کوششیں جاری ہیں۔اس منصوبہ کا تخمینہ تقریباً 40 کروڑ روپے ہے۔

اہم شعبہ جات

شعبۂ تعلیم وتدریس

انجمن خدّام القرآن سندھ، کراچی کے قیام کا ایک اہم مقصد ایسے نوجوانوں کی تعلیم وتربیت کا بندوبست کرنا ہے، جو تعلیم وتعلّم قرآن کو اپنی زندگی کا مقصد بنالیں۔ چنانچہ 1991ء سے اس مقصد کے لیے شعبۂ تعلیم وتدریس کا آغاز کیا گیا۔ اس شعبے کے تحت اہم سرگرمیاں درج ذیل ہیں:

رجوع الی القرآن کورس (سالِ اول)

موجودہ دور میں ہم مسلمانوں کا ایک بڑا المیہ یہ ہے کہ جو لوگ دنیوی تعلیم حاصل کرتے ہیں اور اپنی زندگی کے کئی قیمتی سال اسکولوں اور کالجوں کی نذر کردیتے ہیں وہ بالعموم دینی علوم سے بالکل ناواقف رہتے ہیں۔ اِسی طرح معاشرے کے وہ افراد جو دینی تعلیم کے حصول کے لیے ابتدا ہی سے دینی مدارس کا رخ کرتے ہیں وہ اکثر وبیشتر دنیوی تعلیم کے میدان میں بہت پیچھے رہ جاتے ہیں۔ یہ ایک ناقابلِ تردید حقیقت ہے کہ ہمارے معاشرے کا اصل بہاؤ جدید تعلیم ہی کی جانب ہے جس کا نتیجہ ہے کہ پڑھے لکھے لوگوں کی اکثریت گریجویشن اور ماسٹرز کی سطح پر تعلیم حاصل کرنے کے باوجود مطلوبہ دینی تعلیم سے اس حد تک ناواقف ہوتی ہے کہ ان میں سے اکثر قرآن حکیم کو سمجھنا تو درکنار بلکہ اِسے ناظرہ پڑھنے کی صلاحیت سے بھی عاری ہوتے ہیں۔ رجوع الیٰ القرآن کورس (سال اول) کا مقصد یہی ہے کہ ایسے حضرات وخواتین کو جو جدید تعلیم حاصل کرچکے ہوں، عربی زبان کے بنیادی قواعد اور ان بنیادی دینی علوم سے آراستہ کردیا جائے جو قرآنِ حکیم کو سمجھ کر پڑھنے اور فہم دین کے حصول کے لیے ضروری ہیں۔

رجوع الی القرآن کورس (سالِ دوم)

حقیقتِ حال یہ ہے کہ اس وقت عالمی سطح پر امتِ مسلمہ کے خلاف فکری وعملی جنگ زوروں پر ہے۔ چنانچہ ان حالات میں ایسے افرادِ کار کی ضرورت ہے جو دنیوی علوم کے ساتھ ساتھ علومِ دینیہ میں بھی مناسب رسوخ رکھتے ہوں تاکہ فکری وعملی ہر دو میدانوں میں باطل کے خلاف برسرِپیکار ہوں، اسلام کی نشاۃِ ثانیہ کے لیے ٹھوس علمی بنیادوں پر دعوت وتبلیغ اور تحقیق وتصنیف کی خدمات سرانجام دے سکیں اور دورِحاضر میں مسلمانوں کی راہ نمائی کرسکیں۔ اس کورس سے انجمن کے پیشِ نظر ایسے افراد کو مستحکم بنیادوں پر دینی تعلیم سے آراستہ کرنا ہے جو ایک حد تک دنیوی تعلیم (بیچلرز/ ماسٹرز/ ڈاکٹریٹ) کے علاوہ قرآن اکیڈمیوں میں جاری رجوع الیٰ القرآن کورس تک دینی تعلیم حاصل کرچکے ہوں۔ اس کورس کی تکمیل سے جہاں تبلیغی، تدریسی وتحریکی سرگرمیوں میں سہولت ہوگی وہاں تحقیقی وتخلیقی راہوں پر آگے بڑھنے کے لیے ایک مستحکم بنیاد فراہم ہوسکے گی۔

حلقات ودورات دینیہ

عرصہ دراز سے اس ضرورت کو شدت سے محسوس کیا جارہا تھا کہ ان افراد کے لیے جو تعلیمی یا معاشی مصروفیت کی بنا پر صبح کے اوقات میں ہونے والے رجوع الیٰ القرآن کورس سے مستفید ہونے سے قاصر ہیں، دینی علوم کے حصول کو ممکن بنایا جائے۔ اس مقصد کے حصول کیلئے ہفتہ وار بنیاد پر ہفتہ، اتوار اور شام کے اوقات میں حلقات ودورات کے عنوان سے مختصر دورانیے کے کورسز کا انعقاد کیا جاتا ہے۔ جن کے موضوعات حسبِ ذیل ہیں۔ قرآن فہمی کورس، عربی گرامر برائے قرآن فہمی، دورس اللغۃ العربیۃ، درسِ قرآن وحدیث اور بچوں کے لیے مطالعۂ قرآنِ حکیم شامل ہیں۔ نیز آن لائن کورسز کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔

مدرسۃ القرآن للحفظ والقراءۃ

ملحق وفاق المدارس

فی زمانہ تعلیمی اداروں میں کم وبیش مغربی نظامِ تعلیم وتربیت رائج ہے چنانچہ نئی نسل بنیادی دینی تعلیم سے بھی الا ماشاء اللہ محروم نظر آتی ہے۔ اس شعبے کے زیرِ اہتمام بچوں کی دینی واخلاقی تعلیم وتربیت کے لیے قاعدہ، ناظرہ قرآن حکیم، حفظِ قرآن، نماز، مسنون دعائیں اور آدابِ زندگی کی تدریس کا اہتمام کیا جاتا ہے۔

شعبۂ ملٹی میڈیا

تکنیکیات (I.T) کی ترقی کے ساتھ بڑے پیمانے پر پڑھا اور سمجھا جانا بہت حد تک ملٹی میڈیا ایجادات کا مرہونِ منت ہوگیا ہے اور کسی بھی ادارے کی فعالیت کے لیے اِس شعبہ کی جدید سہولیات سے ہم آہنگ ہونے کی ضرورت سے انکار نہیں کیا جاسکتا۔ الحمدللہ، شعبۂ ملٹی

میڈیا بھی انجمن کے بقیہ شعبوں کی طرح کسی حد تک جدید سہولیات کو ملحوظِ خاطر رکھتے ہوئے اس کے کام میں معاون و مددگار ہے۔
شعبہ سمع و بصر کے تحت 2003ء سے قرآن اسٹوڈیو کام کر رہا ہے جس میں مختلف مدرسین کے لیکچرز اور دروس کی معیاری آڈیو اور ویڈیو ریکارڈنگ کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ ریکارڈنگ کے بعد پروفیشنل سافٹ ویئرز کے ذریعہ اِن پروگراموں کی ایڈیٹنگ کی جاتی ہے۔ بعد ازاں اِن پروگراموں کو عامۃ الناس کے استفادے کے لیے ڈی وی ڈیز، USBs، میموری کارڈز اور انٹرنیٹ کے علاوہ مختلف ٹی وی چینلز پر نشر کروانے کا بھی اہتمام کیا جاتا ہے۔

مرکز تعلّم و تحقیق

مرکز تعلّم و تحقیق (Learning and Research Centre) مرکزی دفتر کے تحت قرآن اکیڈمی یٰسین آباد میں قائم ہے۔ جس کے تحت علمی و فنی کتب پر مشتمل ایک وسیع کتب خانہ بھی موجود ہے جس میں عقیدہ، علوم قرآن، علوم حدیث، علم فقہ، فتاویٰ، تفسیر، متون احادیث، متون فقہ، سِیَر و سوانح، تصوف و احسان، تاریخ، ادب و شاعری اور دیگر موضوعات پر ہزار ہا کتب کا ذخیرہ موجود ہے۔

شعبہ اطلاعاتی تکنیکیات

آج کے جدید ترقی یافتہ دور میں اطلاعاتی تکنیکیات (Information Technology) کا استعمال کسی بھی ادارے کی ترقی، نظم اور عمل کے لیے ناگزیر ہو گیا ہے۔ بفضلہ تعالیٰ انجمنِ ھذا کا یہ شعبہ اس کے کام کی ترویج و ترقی اور مقاصد کے حصول کے لیے ایک مؤثر کردار ادا کر رہا ہے۔ وسائل کی کمی کے باوجود اس شعبے سے وابستہ افراد اپنی بہترین سعی اور کاوش کو بروئے کار لاتے ہوئے اس میں مزید بہتری کے لیے کوشاں رہتے ہیں۔ اس شعبے کی بنیادی ذمہ داریوں میں انجمنِ ھذا کی ویب سائٹس کی دیکھ بھال، اس پر مختلف کورسز و پروگرامات کے اعلانات نشر کرنا اور آڈیو ویڈیو بیانات و کتب کی اپلوڈنگ کے ساتھ ساتھ مرکزی دفتر و ذیلی مراکز میں لوکل نیٹ ورک اور انٹرنیٹ کی فراہمی باقاعدگی کے ساتھ دیکھ بھال اور مختلف مسائل پر سپورٹ کی فراہمی شامل ہیں۔

شعبۂ مطبوعات

شعبۂ مطبوعات مؤسسِ انجمن حضرت ڈاکٹر اسرار احمد ؒ اور ادارے سے وابستہ دیگر اہلِ علم و قلم حضرات کی تحریروں کو شائع کرنے میں اپنا کردار ادا کر رہا ہے۔

مرکزی دفتر

B-375، پہلی منزل، علامہ شبیر احمد عثمانی ؒ روڈ، بلاک 6، گلشن اقبال، کراچی، پاکستان 0333-4993437 +92-21-34993436-7
www.QuranAcademy.edu.pk contact@quranacademy.com

ذیلی ادارے

قرآن اکیڈمی ڈیفنس:۔ مسجد جامع القرآن، خیابانِ راحت، درخشاں، اسٹریٹ 34، فیز 6، ڈیفنس، کراچی۔
فون نمبر +92-21-35340022-24

قرآن اکیڈمی یٰسین آباد:۔ مسجد جامع القرآن، شارع قرآن اکیڈمی، بلاک 9، فیڈرل بی ایریا، کراچی۔
فون نمبر +92-21-36806561

قرآن اکیڈمی کورنگی:۔ متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A، زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی۔ فون نمبر +92-21-35074664

قرآن انسٹیٹیوٹ گلستان جوھر:۔ مسجد جامع القرآن، سالکین بسیرا اپارٹمنٹ بلاک 14، گلستان جوہر، کراچی۔
فون نمبر +92-21-34030119

قرآن انسٹیٹیوٹ لطیف آباد:۔ 176-B، بلاک C، نزد کارڈیو ہسپتال، یونٹ 2، لطیف آباد، حیدرآباد۔
فون نمبر +92-22-3407694

دی ہوپ اسلامک اسکول:۔ قرآن اکیڈمی کورنگی، متصل مسجد طیبہ، سیکٹر 35/A زمان ٹاؤن، کورنگی نمبر 4، کراچی۔
فون نمبر +92-21-35078600

قرآن مرکز لانڈھی:۔ مکان نمبر 861، سیکٹر 37-D متصل رضوان سوئیٹس، لانڈھی نمبر 2، کراچی۔
فون نمبر 0333-2815528

رسید برائے رکنیت

محترم/محترمہ: ____________________ رقم: ____________________

وصول کنندہ: ____________ سینٹر: ____________ دستخط: ____________